**08.11.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

.................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں قانونی مدد کی فراہمی کے طریقہ کار کو مضبوط کرنے سے متعلق قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ انھوں نے کہا کہ سماجی انصاف اُسی وقت یقینی بنایا جاسکتا ہے جب ہر کسی کو انصاف ملے۔
- ☆ بہار میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی انتخابی مہم میں کچھ وقت باقی رہنے کے ساتھ ہی NDA اور مہا گٹھ بندھن سمیت مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے کئی ریلیوں سے خطاب کیا۔
- ☆ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آسام میں پہلی تکنیکی اور ووکیشنل ریاستی یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔
- ☆ روس نے یوکرین پر ڈرون اور میزائل کے تازہ حملے کئے ہیں جس میں دس افراد ہلاک ہوگئے ہیں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کے اہم مراکز کو نقصان پہنچا ہے۔
- ☆ بھارت نے میزبان آسٹریلیا کے خلاف ٹی–ٹوینٹی بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز دو–ایک سے جیت لی ہے۔ برسبین میں پانچواں اور آخری میچ بارش کے سبب منسوخ کردیا گیا۔
- ☆ اور مصر میں ISSF عالمی چمپئن شپ میں مردوں کے پچاس میٹر پسٹل مقابلے میں بھارتی نشانے باز روبندر سنگھ نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

.................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**PM Legal AID**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سماجی انصاف کو اُسی وقت یقینی بنایا جاسکتا ہے جب ہر کسی کو اُس کی سماجی اور اقتصادی صورتحال سے قطع نظر انصاف ملے۔ آج شام نئی دلّی میں سپریم کورٹ میں قانونی مدد کی فراہمی کے طریقہ کار کو مضبوط کرنے سے متعلق قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ قانونی مدد، ہر کسی کو انصاف فراہم کرنے کو یقینی بنانے میں ایک اہم رول ادا کرتی ہے۔ انھوں نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ لوک عدالتوں اور مقدمات کرنے سے پہلے حل تلاش کئے جانے کے ذریعے لاکھوں تنازعات کو تیزی اور خوش اسلوبی کے ساتھ حل کیا گیا ہے۔

وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے اپنے دفاع سے متعلق قانونی مدد فراہم کرنے کے نظام کے تحت محض تین برس میں تقریباً آٹھ لاکھ فوجداری مقدمات نمٹائے گئے۔

**S/B 2100 PM Modi on Legal AID**

وزیر اعظم نے قانونی دستاویزات کو مقامی زبانوں میں دستیاب کئے جانے پر بھی زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے انصاف کی فراہمی میں اضافے کی خاطر مختلف اقدامات کئے ہیں اور قانونی بیداری کو فروغ دینا حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔ انھوں نے کہا کہ کاروبار کرنے اور رہن سہن میں آسانی اُسی وقت ممکن ہے جب انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ حکومت کی کوششیں غریبوں، دلتوں اور معاشرے کے محکوم، استحصال شدہ اور محروم طبقات کو انصاف فراہم کرنے کو یقینی بنا رہی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ بات واقعی قابل ستائش ہے کہ سپریم کورٹ نے 80ہزار سے زیادہ احکامات کا 18 بھارتی زبانوں میں ترجمہ کرنے کی پہل کی ہے۔

**S/B 2100 PM on Criminal Cases**

قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ قانونی خدمات سے متعلق قومی اتھارٹی NALSA نے ضرورت مند شہریوں کو قانونی مدد اور خدمات فراہم کرنے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک میں شروع کئے گئے Tele-Law and Legal Services جیسے اقدامات سے ہر کسی کیلئے انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ اس کا آغاز 2017میں کیا گیا تھا اور ملک بھر میں ایک کروڑ سے زیادہ لوگوں کو مقدمات کرنے سے پہلے کی صلاح دی گئی ہے۔x

## Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کی تشہیری مہم ختم ہونے سے ایک دن پہلے آج تشہیری مہم نے جارحانہ رخ اختیار کرلیا۔ دوسرے مرحلے میں منگل کے روز ریاست کے 20ضلعوں کے 122اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس دوران NDA، عظیم اتحاد اور دیگر پارٹیوں کے سینئر رہنماؤں نے ریاست بھر میں عوامی جلسے اور میٹنگیں کرتے ہوئے اپنے امیدواروں کے حق میں حمایت حاصل کرنے کی بھر پور کوشش کی۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Dharmendra Kumar**

وزیر اعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ راشٹریہ جنتا دل اور کانگریس کو ترقی کی کوئی فکر نہیں ہے۔ جناب مودی نے Bettiah کے مقام پر انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ RJD اور کانگریس، دونوں کے رہنما، ترقی اور روزگار کی باتیں کرکے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں۔ دوسری جانب مرکزی وزیر داخلہ اور BJP رہنما امت شاہ نے Supaul میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے الزام لگایا کہ راشٹریہ جنتا دل اور کانگریس، دراندازوں کی حمایت کرتے ہیں۔ جنتا دل یونائیٹیڈ کے صدر اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے جہان آباد میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا اور دعویٰ کیا کہ انھوں نے بہار کی ذمے داری سنبھالنے

کے بعد سے ریاست میں ڈر اور دہشت کے ماحول کا خاتمہ کیا ہے۔ سینئر کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی نے پورنیہ میں عظیم اتحاد کی حمایت میں ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بہار میں یہی حکومت، 20 سال سے اقتدار میں ہے لیکن نقلِ مکانی اور روزگار اب بھی بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے۔ گیا ضلع کے Barachatti میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے راشٹریہ جنتادل لیڈرتیجسوی پرسادیادونے کہاکہ اُن کی اصل لڑائی، بے روزگاری کے خلاف ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Bihar Suspension

بہار میں انتخابی کمیشن نے سمستی پور کی سرائے رنجن اسمبلی حلقے کے اسسٹنٹ ریٹرننگ افسر کو لاپرواہی برتنے کے الزام میں معطل کردیا ہے۔ کچھ VVPAT پرچیوں کے EVM سے باہر ضائع کی ہوئی حالت میں پائے جانے پر یہ کارروائی کی گئی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے اس معاملے کو انتہائی سنجیدگی سے لیتے ہوئے معاملے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اس واقعے سے متعلق ایک ویڈیو کے وائرل ہونے کے بعد یہ کارروائی کی گئی ہے۔اس سلسلے میں ایک FIR بھی درج کی گئی ہے۔x

## Prez Africa Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو افریقہ کے دو ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت آج رات انگولا پہنچیں گی۔ یہ کسی بھارتی سربراہ مملکت کا انگولا اور بوتسوانہ کا پہلا دورہ ہوگا۔ اِس دورے سے افریقہ اور عالمی خطۂ جنوب کے ساتھ مستحکم تعلقات پر بھارت کی توجہ کا اظہار ہوتا ہے۔ انگولا میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو انگولا کے صدر سے ملاقات کریں گی، پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی اور انگولا کی آزادی کی پچاسویں سالگرہ تقریبات میں شرکت کریں گی۔ 11 سے 13 نومبر تک بوتسوانہ کا دورہ کریں گی اور وہاں کے صدر Duma Boko کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گی، قومی اسمبلی سے خطاب کریں گی اور تاریخی اور ثقافتی اہمیت کے حامل مقامات کا دورہ کریں گی۔x

## Mohan Bhagwat Social Harmony

RSS کے سربراہ موہن بھاگوت نے آج کہا ہے کہ تنظیم معاشرے میں تفریق کو ختم کرنے اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کی خاطر بات چیت کا آغاز کرے گی۔ بینگلورو میں سنگھ کے 100 سالہ سفر – نئے امکانات پر ایک لیکچر سیریز سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ RSS رابطے کے پروگراموں کے ذریعے سماجی تقسیم کو ختم کرنے کیلئے کام کرے گی۔ جناب بھاگوت نے اِس بات کو یاد کیا کہ 1857 میں آزادی کی پہلی تحریک کے دوران ہندوؤں اور مسلمانوں نے مل کر برطانوی حکومت کا مقابلہ کیا تھا، لیکن بعد میں نوآبادیاتی پالیسیوں نے تفریق پیدا کردی۔ انھوں نے کہا کہ RSS اتحاد کی بحالی کیلئے رابطے کی کوششوں کا آغاز کرے گی۔ اپنی سدبھاؤنا کاریہ پہل کے حصے کے طور پر RSS بلاک سطح پر برادری کے مسائل کو حل کرنے اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کی خاطر ذات سے متعلق لیڈران اور مذہبی رہنماؤں کی مدد لے گی۔ جناب بھاگوت نے اِس مقصد میں تعاون کیلئے مہذب معاشرے پر زور دیا۔x

## Manohar Lal Urban Conclave

مکانات اور شہری امور کے وزیر منوہر لال نے آج کہا کہ شہرکاری، وکست بھارت کی کلید ہے اور یہ شہریوں پر مرکوز، جامع اور پائیدار ہونی چاہیے۔ نئی دلّی میں قومی شہری کانکلیو 2025 سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کی شہری آبادی کے 2047 تک 50فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ انہوں نے صاف ستھری ماحولیات کیلئے سازگار اور قابلِ رہائش شہروں کی تعمیر کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور دیا۔ انہوں نے Amrut جَل ہی جِیننی Anthem اور شہری بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے Dump-Site Remediation Accelerator Program NIUA کے مقام پر Knowledge Management Unit اور Urban Invest Window کا بھی آغاز کیا۔ x

## Assam Sitharaman

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج آسام کے بسواناتھ ضلعے کے Bholaguri میں تکنیکی اور ووکیشنل تعلیم پر مرکوز ریاست کی پہلی یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔ Swahid Kanaklata Barua اسٹیٹ یونیورسٹی، مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ، سائبر سکیورٹی، بلاک چین، ڈرون اور نیوی گیشن ٹیکنالوجی، کوانٹم کمپیوٹنگ، برین کمپیوٹر انٹرفیس، انٹرنیٹ آف تھنگس اور اسمارٹ Cities اور اسمارٹ انوائرنمنٹ جیسے مختلف ٹیکنالوجی شعبوں میں کورسیز کی پیشکش کرے گی۔ 241ایکڑ رقبے والی اِس یونیورسٹی میں 2ہزار طلباء کیلئے تعلیمی بلاک اور ایک ہزار 620طلباء کیلئے ہاسٹل ہوں گے۔ اِس موقع پر آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما بھی موجود تھے۔ x

## GST Handicrafts

وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے کئی شعبوں میں GST شرحوں میں کٹوتی کے بعد 22ستمبر سے شروع ہوئے GST بچت اُتسو سے ملک بھر کے شہریوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ نئی GST شرحوں سے دستکاری کے شعبے میں شہریوں کو ہو رہے فائدے پر آج خصوصی رپورٹ پیش کی جا رہی ہے۔

**VC Aman Yadav**

اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کے ذریعے مختلف دستکاری اشیاء پر ٹیکس میں کٹوتی سے کاریگروں، تاجروں اور گاہکوں کو بڑی راحت ملی ہے۔ نئی GST اصلاحات کے تحت لکڑی سے بنے مجسموں، پتھروں اور دھاتوں پر ٹیکس کی شرح کو 12فیصد سے گھٹا کر 5فیصد کر دیا گیا ہے۔ جن اشیاء پر ٹیکس میں کمی کی گئی ہے، اُن میں شامل ہیں پینٹنگس، دھات سے بنی موم بتیاں، لکڑی سے تراش کر بنائی گئی مصنوعات اور چکنی مٹی اور Terracotta سے بنے باورچی خانے کے سامان۔

یہ پہل نہ صرف ملک کے کاریگروں کی مدد کر رہی ہے بلکہ سبھی کیلئے دستکاری اشیاء کو قابل دسترس بناتے ہوئے ملک کی ثقافتی معیشت کو بھی فروغ دے رہی ہے۔

دلّی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Russia Ukrain Attacks

روس کی جانب سے یوکرین کے تین علاقوں پر رات بھر ہوئی ڈرونز کی بوچھار میں 10لوگ ہلاک ہو گئے اور توانائی کے بڑے مراکز کو نقصان پہنچا۔ حملوں میں 28لوگوں کے زخمی ہونے کی بھی خبر ہے۔ یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی نے کہا ہے کہ روس نے 450سے زیادہ ڈرونز اور 45میزائلوں سے حملہ کیا ہے۔ یوکرین کی فوج نے خبر دی ہے کہ فضاء، زمین اور سمندر سے داغے گئے ڈرونز اور میزائلوں نے بنیادی ڈھانچے کی اہم تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ اِس دوران روس کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام نے یوکرینی افواج کی جانب سے داغے گئے دو گائیڈیڈ فضائی بموں اور 178غیر انسان بردار فضائی گاڑیوں، UAVs کو مار گرایا ہے۔ x

## Haj Rijiju

اقلیتوں کے امور کے وزیر کرن رجیجو سعودی عرب کے ساتھ حج 2026سے متعلق باہمی معاہدے پر دستخط کرنے اور تیاریوں کا جائزہ لینے کی خاطر جدہ پہنچے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب رجیجو نے کہا کہ وہ حج انتظامات سے متعلق اشتراک کو مستحکم کرنے کی خاطر تبادلہ خیال کے منتظر ہیں۔ اقلیتوں کے امور کی وزارت نے حج 2026 کیلئے آن لائن درخواستوں کا آغاز کیا ہے اور عازمین حج، حج کمیٹی کی ویب سائٹ اور موبائل ایپ کے ذریعے سفر حج کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ حکومت نے اِس مقدس سفر کیلئے شفافیت، تحفظ اور اِسے کفایتی بنانے پر زور دیا ہے۔x

## Men's Cricket

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان برسبین کے گابا میں کھیلا گیا فائنل ٹی ٹوئنٹی میچ، آج بارش کی وجہ سے ردّ کر دیا گیا۔ اِس کے ساتھ ہی بھارت نے یہ سیریز دو–ایک سے جیت لی ہے۔ کھیل رکنے سے پہلے، بھارت نے بغیر کسی نقصان کے 52رن بنالئے تھے، جس میں شبھمن گل نے 29اور ابھیشک شرما نے 23رن بنائے۔ ابھیشک کو پلییئر آف دی سیریز قرار دیا گیا۔ x

## ISSF World Championship

مصر میں ISSF عالمی چمپئن شپ میں مردوں کے پچاس میٹر پسٹل مقابلے میں بھارتی نشانے باز رویندر سنگھ نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ رویندر نے 569 کا شاندار اسکور حاصل کیا۔ پچاس میٹر پسٹل ٹیم مقابلے میں بھی رویندر سنگھ، کمل جیت اور یوگیش کمار پر مشتمل بھارتی کھلاڑیوں نے چاندی کا تمغہ جیتا۔x

☆☆☆☆☆☆☆